از تمیزِ خویشتن دور افتادہ ام در فنائے کل فنا آمادہ ام
میں اپنی پہچان سے بھی دور پڑا ہوں فنائے کل میں فنا ہونے کیلئے تیار ہوں

کارِ ما کنون در خمولیت فتاد ذوقِ علمی در ذھولیت فتاد
میرا کام گمنامی جاپڑا میرا ذوقِ علمی غفلت میں جاپڑا

دستگیر دستگیری مر ترا می سزد در انقضائے کارِ ما
اے ہماری دستگیری فرمانے والے آپ کی دستگیری ہمارے ہر کام کو انجام تک پہنچاتی ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

در بیانِ عشق جمع الجمع
عشقِ جمع الجمع کے بیان میں

در معانی علم چون افراشتی اصل نفس خویش را بشناختی
جب تجھے علم معانی کی معرفت ہو گئی پس تو نے اپنے نفس کی حقیقت کو پہچان لیا

شو عینان کش سوئے میدانِ جلال گیر ذیلِ عقل فعال کمال
میدانِ جنگ کی طرف سے آگے گھوڑا دوڑانے والا ہو جا دامنِ عقل پکڑ کر سب سے زیادہ کامل ہو جا

حضرت اجمال بر فحوائے ذات از ازل دارد تنوع در صفات
حضرت ذات کے میدان میں بہت تھوڑا ازل سے مختلف صفات رکھتا ہے

ھر چه در عیان و در نهان اندرش محوست جمله بیگمان
جو کچھ بھی ظاہر و باطن میں ہے یقیناً اسی میں محو ہیں

مبدءاشیاء کماھی ذاتِ اوست سر تکوینات عالم از ھموست
ہر ایک شے کو پیدا کرنے والی اسی کی ذات ہے عالمِ تکوینات کا سِر بھی اسی سے ہے

از کمالِ عالیه دارد ثبات گم در وھستند اسماء و صفات
بلند کمالات کی وجہ سے ثابت ہے اسی میں اسماء وصفات گم ہیں

از بقا سوئے فنا بشتافته موقفِ جمع الجمع دریافته
بقا سے فنا کی تخلیق کی طرف متوجہ ہوا جمع الجمع کا موقف کی پہچان کروائی

در عدم بودند اشیاء سر بسر نے نشان و نے جمال و نے اثر

سب کچھ عدم میں تھا نہ نشان نہ جمال اور نہ ہی کوئی اثر

ذاتِ مطلق خود بتنویرِ صفات در ظہور آورد سائرِ کائنات

اللہ تعالیٰ ذاتِ مطلق نے اپنے انوار کیساتھ کائنات کی ہر ایک شے میں ظہور فرمایا

مبدعِ کونین نورِ سرمدیست انجلائے خاص ذاتِ احمدیست (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم)

دارین کی ابتداء کرنے والا نورِ سرمدی ہے مقصودِ کائنات حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ بابرکات ہے

برزخِ کبریٰ همین موطن شده عارفان را مرکز و مامن شده

برزخِ کبریٰ بھی اسی وقت بنایا گیا جو کہ عارفین کے آرام کرنے کی جگہ بنا

اندرینجا دم نمی بائید زدن از ادب مہر خموشی را بزن

اس مقام پر سانس بھی روک کر رکھنا چاہیے ادبِ بارگاہِ الٰہی کی وجہ سے تمام اعضاء پر خاموشی کی مہر لگا دینی چاہیے

این جهان حیرت فزاید بر عقول این جهان دهشت نماید بر فحول

یہ جہان عقلمندوں کی حیرت کو بڑھاتا ہے یہ جہان زبردوں پر اپنی دہشت جماتا ہے

اندرینجا نیست غیرے را گزر کس نمی باشد بجز ذاتت نگر

اس مقام پر کسی غیر کو آنے کی گنجائش نہیں ہر طرف دیکھنے میں تیری ہی ذات کی جلوہ گری ہے

اعتبارات عیان را وا گزار عالم اطلاق را در دست آر

اعتبارات کو چھوڑ عالمِ اطلاق کو سمجھنے کی کوشش کر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دربیانِ عشقِ عالَمِ اطلاق
عالمِ اطلاق کے عشق کے بیان میں

هست این جا شاهد ذاتِ جمیل بے نظیر و بے مثال و بے عدیل
اس مقام پر بے نظر، بے مثال اور بے عدیل ذات اقدس خود شاہد ہے

نازها دار د بجانِ عاشقان عشوئه ها آرد بروح عارفان
کئی ناز عاشقوں کی جان میں رکھتا ہے کئی عشوے (معشوق کے نازانداز جس پر عاشق قربان ہو جاتا ہے) عارفین کی روح میں لاتا ہے

شوقِ نظاره اگر باشد ترا افگند بر خود رِدا اندر رِدا
اگر تجھے دیدار کا شوق ہے تو خود مٹادے یوں کہ جیسے مٹانے کا حق ہوتا ہے

تا ابد هر گز نه بینی روئے او باش دائم چون فلك در جستجو
جب تک تو اپنے محبوب کی زیارت نہ کرلے آسمان کی طرح تلاش میں ہو جا

دور از تقیید اسماء و صفات بے تعین بے تماشا عرضِ ذات
اسماء وصفات کی قید سے کوسوں دور ہے وہ جس حالت میں چاہے جلوہ فرماتا ہے

کلی و جزوی ندارد در وجود جوهر و اعراض پیشش در خمور
وجود میں جزوی وکلی سے پاک ہے جوہر اعراض اس کے سامنے مستی میں ہیں

جوهر فروش بعید از کم کیف نسبتِ ابعاد بر روئش دژم
جوہر فروش کیف وکم (کتنا، کیسا) سے دور ہے اس کے روبرو دوری کی نسبت کرنا افسردگی ہے

ظاھروباطن بآثارِ غریب مضمروباھر بانوارِ عجیب
آثارِ غریب میں ظاہر وباطن ہے انوارِ عجیب میں خفی وجلی ہے

عقلِ عارف اندرینجا زار ماند درفضائے کنہ ذاتش خوار ماند
عارف کا عقل اس مقام پر عاجز ہو گیا حقیقتِ ماہیت کے آنگن میں اس کی ذات بے بس ہو گئی

اے دریغا! درروان اعجاز نیست اے دریغا! طاقتِ پرواز نیست
(اور بول اٹھا) ہائے افسوس! روح میں اب اعجاز نہیں ہے ہائے افسوس! پرواز کی طاقت نہیں ہے

الغیاث اے رھبرِ راہِ ھدیٰ باتضرع ازتو دارم التجا
اے ہدایت کے راہنما المدد میں عاجزی انکساری کیساتھ تیری بارگاہ میں التجا کرتا ہوں

التجائے این غریقِ بحرِ غم کن ازشفقتِ خلق اتم
غموں کے سمندر میں اس ڈوبے کی اتجایہ ہے کہ اپنے کامل خلق کی نوازش کا ایک زرہ مجھ پر بھی ڈال دو

دررسان درباگاہِ ذوالجلال وانمائم تادلِ آشفتہ حال
جلالت والی عظیم بارگاہ میں پریشان حال ٹوٹا ہوا دل لیکر حاضر ہوا ہوں

بازو گویم کہ اے زیبالقا قتلِ عاشق کے روا باشد ترا
اب میں ہاتھ باندھ کر التجا کرتا ہوں کہ اے ملاقات کے لائق عاشق کا قتل کب روا ہوتا ہے؟

کے مرا از صدپارہ کردی ازفراق کے مرادادی غمِ مالایطاق
تو نے مجھے کیوں فراق کی وجہ سے سو ٹکڑے کیا مجھے ایسا غم کیوں دیا جس کی مجھ میں ہمت نہ تھی؟

کے مرا آوردی ازکتمِ عدم کے شکستی برمنِ مسکین ستم
تو مجھے عدم کی پوشیدگیوں سے باہر کیوں لایا تو نے مجھ مسکین پر ستم کے پہاڑ کیوں توڑے؟

مسلکِ پیشینه چون بگزاشتی طرح زجر و اشتلم انداختی

پہلوں کے طریقوں کو جب تونے چھوڑ دیا غلبہ وزجر کے طریقے تونے ڈالے

هین چه گستاخیست اے علمِ مجاز هین چرا کردی زبانِ خود دراز

اے علمِ مجاز یہ کیا گستاخی ہے اس مقام پر تونے اپنی زبان کیوں دراز کی؟

هست این دربارِ ذاتِ کبریا دم فروبستند اینجا انبیا

یہ دربار ذاتِ کبریا جل جلالہ کا ہے یہاں انبیاء کرام علیہم السلام بھی دم نہیں مارتے

جرأتِ مفرط چرا بنموده در شکایت لب چرا بکشوده

جدائی کی اصل کو تونے ظاہر کیا ہے شکایت کیلئے تونے لب کیوں کشادہ کیے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تفہیم مسئلہ وحدت الوجود
مسئلۂ وحدت الوجود کا سمجھنا اور سمجھانا

اے غریقِ موجۂ بحرِ صفات اے سلیمِ القلب آفاتِ حیات
اے بحرِ صفات میں فنا ہووں کے قبلہ و مرکز اے زندگی کی آفات میں بھی سلیم القلب

جملہ اسماء و صفات و ماہیات منصرف بنگر بسوئے صرف ذات
تمام اسماء، صفات اور ماہیات ایک ہی کامل ذات کی طرف پھرتی ہوئیں دیکھ

ہر چہ بینی مظہر اطلاق دان از قیودِ کثرت او را اطلاق دان
تو جو کچھ بھی دیکھے اسے ایک کا علم بتانے والا جان کثرت کی قیدوں سے اسے دور جان

نقطہء کثرت ز لوحِ دل تراش وحدتے دار د جہان آہستہ باش
کثرت کا نقطہ دل کی تختی سے مٹا دے تو غور تو کر جہاں ایک ہی ذات رکھتا ہے

بابِ وحدت را بلب تلثیم کن سر فدائے خنجر تسلیم کن
وحدت کے دروازہ کو ہونٹوں کے ساتھ بوسہ دے خنجر کے سامنے سر جھکانے کیلئے تیار ہو جا

آن شنیدہ ہستی کہ ربی فی المنام گفت فارق نفس اے ذوالاحترام
تو نے خواب میں اپنے اللہ پاک کا فرمان سنا اس نے فرمایا کہ اپنے نفس بات نہ مان اے احترام والے

ذکر او ہموارہ کن در فرز بود وارہان ہستی ز زنجیر قیود
تو اس کا ذکر مسلسل کر تارہ تا کہ تو تر و تازہ رہے اور تجھے بلندی عطا ہو اور خود کی قیود سے بری ہو جائے

غیبۃ الذاکر عن الذکر آیدت عقدئہ مشکل ھمہ بکشائدت

ذکر کی ہی وجہ سے تجھے عین العیانی نصیب ہوئی اور تیری تمام مشکلات کی گرہیں کھل گئیں

ذاکر و مذکور و ذکر بے خودی میشود واحد بقول واسطی

اس کے بعد ذاکر، ذکر، مذکور اور بے خودی شیخ واسطی کے قول کے مطابق ایک ہی ہو جاتے ہیں

نفی و و اثبات شود یکسر پدید ذاتِ ساذج جملہ می آید پدید

نفی اور اثبات ایک ساتھ ظاہر ہوتے ہیں تمام نقائص سے مبرا ذات پاک کا جلوہ ظاہر ہوتا ہے

وحدتے مکشوف بینی پر عیان کاندران نابود افلاک وجہان

وحدت کے پردے اٹھا دیئے جائیں گے تو اس جہاں کو یوں دیکھے گا کہ اس میں آسمان ہے ہی نہیں

جسم کل یابی ز اسماء وصفات از لوازم تا بمجموع ذوات

ذاتِ الٰہی کے اسماء وصفات کے انوار سے تو جسم کلی حاصل کرلے گا اور عناصر اربعہ سے کاملیت تک چلا جائے گا

غیر ھستی را درینجا بار نیست علت و معلوم را احضار نیست

غیر اللہ کو اس میں گنجائش نہیں ہے اور علت و معلوم کی بھی یہاں وقعت نہیں ہے

منتفی، معدومِ محض، اجسامیان ذاتِ مطلق ھست قائم درمیان

منتفی، معدومِ محض، اجسامیان، ذاتِ مطلق قائم ہے درمیان

چون تکثر از نظر نابود شد ھستی تو ھستی معبود شد

جب کثرت سے نظر ہٹ جائے تو تیری ہی ہستی معبود نظر آئے گی

لاچون الّا گشت در عین العیان اول و آخر یکے گشتہ ببین

جب نفی اثبات میں چلا گیا تو اول و آخر تو ایک ہی دیکھے گا

جوئے رفتہ بود از دریائے ژرف در جہانِ اعتبارات شگرف

گہرے دریا سے ایک نہر نادر اعتبارات کے جہان میں جاری ہوئی ہے

بس زمینہا کرد سیراب از نمے خرم و شاداب گشتہ عالمے

بس اس نے اپنی نمی سے کئی جہانوں کو سیر اب کر دیا اور شاداب و خوش و خرم کر دیا

سبزہا بالید و گلہا بر دمید زرعہا تزئید و غلہ آفرید

کئی سبزے لہلائے اور کئی پھول کھلے کئی فصلیں پکی اور کئی غلے جمع ہوئے

در افاضت سعیہا بسیار کرد حیّزِ امکان پر از انوار کرد

فائدہ دینے میں اس نے کئی کوششیں کی دائرِ امکان کو انوار سے بھر دیا

از گل و لالہ بر آمودہ چمن وز سمن بنمودہ پروین و پرن

پھولوں کے لہلانے سے باغ خوبصورت ہوا چنبیلی سے باغ ثریا کی طرح عظیم ہوا

خاک را شرفے زِ دستِ خویش داد منتِ افضال بر جرمش نہاد

اس نے مٹی کو اپنے دستِ قدرت سے شرف عطا فرمایا اس کی جرموں پر بے شمار فضل و کرم کے احسانات ڈالے

باز ختم سیرِ جو آمد پدید رفت در بحری کہ زو آمد پدید

پس جاری ندی کے ختم ہونے کا وقت آگیا پھر اسی دریا میں چلی گئی جہاں سے نکلی تھی

بحر ماند و جوئے را گم شد نشان کس نمی داند کجا رفت او دران

دریا باقی رہا ندی کا نام و نشان مٹ گیا کوئی نہیں جانتا کہ وہ کہاں کس جگہ چلی گئی

جو و دریا گشت در معنیٰ یکے نیست در این ہیچ تمیز و شکے

ندی اور دریا در حقیقت ایک ہی ہوگئے اس میں کسی قسم کا شک اور جدائی نہیں ہے

جوئے عین البحر شد بے امتیاز از بدایت تا نہایت غور ساز

بے شک ندی عین البحر ہو گئی ابتداء سے انتہاء پر خود غور خوض کر لے

چون درینجا وارسی فرجام کار ذاتِ حق باشد بذاتت آشکار

جب اس مقامِ انتہاء پر تجسس کیا ذاتِ حق تیری ذات میں آشکار ہو گئی

در حقیقت نقشِ عالم باطل است غیر ذاتِ حق خیال عاطل است

در حقیقت جہان کا نقش باطل ہے اللہ رب العزت کی ذات کے سواسب خیال فضول ہے (اللہ بس باقی ہوس)

گر نماند از خودی با تو نشان میرسی در معنیٰ این بیگمان

اگر تو خودی سے بالکل خالی ہے تو بیشک تو حقیقت میں جارہا ہے

اے عجب خود باشاہے عالمی چون گدایان دربدر کے میدوی

اے جہانوں کے بادشاہ! خود تجھ پر تعجب ہے کہ تو گداگروں کی طرح دربدر کیوں پھرتا ہے

عین خورشیدی تہِ ابرِ سیاہ کے ھمی کواھی شعاعِ ماسوا

تیری نرالی چمک دمک سیاہ بادل کے نیچے ہے تو کب اپنے ماسوا کی شعاع چاہے گا

از تو محبوب است در زیرِ نقاب کوششے کن تا برآری آفتاب

تیری ہی وجہ سے محبوب زیرِ نقاب ہے سورج کے چمکنے تک کوشش میں لگا رہ

چشمِ بینا ھر کہ از دل باز کرد سوئے خور چون دژھا پرواز کرد

جس کسی نے اپنے دل سے چشمِ بینا جدا کی اس نے سورج کی طرف عقاب کی طرح پرواز کی

ھست عالم مرکزِ انوارِ دوست جملہ تکوینات راقص سوئے اوست

یہ جہاں دوست کے انوار کا مرکز ہے کائنات کی ہر ایک شے اس کے سامنے رقص میں ہے

جاذبِ اشیاء ست ذاتِ پر کمال کے رسی در معنیش بے ارتحال
ذاتِ باکمال پر کشش ہے تو کیسے بے سوچے سمجھے کی حقیقت کو پہنچ سکتا ہے

نیست کن این نقطہءموہوم را گیر دامن خطِ معلوم را
نہ نظر آنے والے اس نقطہ کو چھوڑ دے اور ایک مشہور و معلوم راستے کا راہی ہو جا

تاتعین را نہ برداری نقاب حق ھمی دارد زِ ذاتت اجتناب
جب تو متعین کو سامنے نہیں لائے گا حق یہی ہے کہ تجھ سے بچا جائے

زِ آبِ چشمانِ باغِ دل سیراب کن درھوائش خانہ ات برآب کن
آنکھوں کے پانی سے اپنے دل کے باغ کو سیراب کر تیرا گھر اس خواہشات میں ہے اسے پانی سے بھر دے

ھمچون مجنون در بیابانھا بگرو از صمیمِ قلب بر کش آہِ سرو
مجنوں کی طرح بیابانوں میں روتا رہ صمیمِ قلب سے سرد آہیں بھرتا رہ

گردبادے گرزِ صحرا سر کشد او نشانِ محملِ لیلیٰ دھد
جو مٹی ہوا کے ساتھ صحرا سے اٹھتی ہے وہ لیلیٰ کے کجاوے کا نشان بناتی ہے

بے سرو سامان برو در کوئے عشق عشق ورزو عشق خواہ و جوئے عشق
بالکل خالی ہو کر عشق کے کوچے میں آجا عشق اختیار کر عشق مانگ اور عشق کا متلاشی ہو جا

محو شو در عشق تابینی مراد در رسد از بارگاھش صد نیاز
عشق میں محو ہو جا تاکہ تو اپنی مراد پالے تجھے اس کی بارگاہِ بے نیاز سے بیشمار لطف و کرم نصیب ہو جائے

عشق نقش داوری دار دبکام حسنِ یوسف را ھمی آرد بدام
عشق حکومتی سکے کو بھی کام میں لاتا ہے حسن یوسف کو بھی دام کے بدلے لاتا ہے

دادِدام و خود گرفتار آمدہ خوار و رسوا سوئے بازار آمدہ
اس نے مال منال دیا اور خود گرفتار ہو گیا ناقدری و ناپہچانی بازار کی طرف لائی

گر مقامِ عشق حاصل ساختی غلغلہ در بحر و بر برانداختی
گر تجھے مقامِ عشق حاصل کرنا ہے تو خشکی و تری میں شور برپا کر دے

رفتی از خود در مقامِ سرمدی آنچہ در و ھمت نیایدیافتی
جب تجھ میں ہمت تک نہیں تھی تو مقامِ سرمدی سے جاتا رہا

پاسبانِ دل بشو جان را نگر ھر چہ بر دل بگرزد دارش نظر
دل کا پاسبان ہو جا دل کی حفاظت کر جو کچھ بھی دل پر گزرتا ہے اسے مدِّ نظر رکھ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دل چہ باشد؟
دل کیا ہوتا ہے؟

دل چه باشد؟ مهبطِ انوارِ حق دل چه باشد؟ بر بطِ اسرارِ حق
دل کیا ہوتا ہے؟ انوارِ الٰہیہ کا مرکز ہوتا ہے دل کیا ہوتا ہے؟ اسرارِ الٰہیہ کی بربط (باجا) ہوتا ہے

دل چه باشد؟ بارگاهِ محرمی دل چه باشد؟ سیر گاهِ عاشقی
دل کیا ہوتا ہے؟ ایک محرم راز کی بارگاہ ہے دل کیا ہوتا ہے؟ ایک عاشق کی سیر گاہ ہے

حسن را گرمی بازار از دل است سر دمهریهائے دلدار از دل است
حسن والوں کی بھیڑ دل کی وجہ سے ہے محبوب کی مہربانیاں دل کی وجہ سے ہیں

کیست آن بار امانت بر کشد جز دلِ نادان که دانا پرورد
وہ کون ہے جو امانت کا بوجھ اٹھاتا ہے؟ اسی نادان کا دل جسے کسی دانا نے پالا ہو

کیست آن صد پاره گردد در فراق می کشد باریکه باشد لا یطاق
وہ کون ہے جو ہجر میں سو ٹکڑے ہو جاتا ہے وہ ایسا بوجھ بھی اٹھاتا ہے جس کے اٹھانے کی اس میں ہمت نہیں ہوتی

دل همی داند رهِ دل یافتن کارِ خود از مهرِ جانان ساختن
دل کا موہ لینا دل ہی جانتا ہے محبوب کی کرام نوازیوں سے اپنا کام بنانا دل ہی جانتا ہے

آتشِ غم در نهان افروختن در حصار آتشِ خود سوختن
سینے میں غم کی آگ جلانا آگ کے دائرے میں خود جلنا

دم فرو بستن زِ تنگی نفس کار جان بازان نمودن در قفس
سانس کی تنگی کی وجہ سے دم توڑ دینا جانبازوں کا کام پنجرے میں ظاہر ہوتا ہے

رنگ رو بشکستن از نظارہ ها در خیسے پوشیدن آتش پارہ ها
کئی نظاروں سے چہرے کا رنگ توڑنا آگ کے چنگھاڑوں کے مکر و فریب میں ہے

در هوائے نور گل بگداختن برق بر هستی خود انداختن
نورِ گل کی طلب میں پگھلانا اپنے وجود پر بجلی کی کڑک گرانا

در حریم بار گاہِ آدمی دل همی دارد سرِّ شاهنشاهی
آدمی کی بار گاہی می چار دیواری میں دل ہی شہنشاہی کا راز رکھتا ہے

آفرینشِ نازها دارد بدل سوزها هم سوزها دارد بدل
کئی نازوں کی ابتدا دل میں ہے کئی سوز گداز دل میں ہیں

گر همی خواهی وصالِ دلربا صاف کن دل را زِ شبہِ ماسوا
اگر تو اپنے محبوب کا وصل چاہتا ہے ماسوا کے شبہات سے دل کو صاف کر دے

دل مراتِ عارض محبوب هست شاهدِ جان را همی مرغوب هست
دل محبوب کے رخسار کا آئینہ ہے دل محبوب کو بڑا پسند ہے

من نگویم عرش رحمن است دل در حقیقت آفتِ جان است دل
میں نہیں کہتا ہے کہ دل رحمن کا عرش ہے در حقیقت جان کی آفت دل ہے

شانِ دل پرسید از دلدادگان شانِ دل پرسید از بربادگان
دل کی شان دل لٹانے والوں سے پوچھ دل کا مقام عشق میں برباد ہونے والوں سے پوچھ

عاشقان را دل متاع خوشتر است از هزاران کعبه یك دل بهتر است

عاشقوں کا نفع بخش دل اچھا ہے لاکھوں کعبہ سے ایک دل بہتر ہے

عاشقان !اے عاشقان!اے عاشقان! میشود از درد ِعشقش نیم جان

اے عاشقو!اے عاشقو!اے عاشقو!اس کے درد کیوجہ سے جان آدھی ہو جاتی ہے

عاشقان را باید اندر عاشقی بیقراری در غمِ وجه الٰهی

عاشقوں کو عاشقی میں بے قراری چاہیے اللہ پاک کی رضا کے غم میں بے قراری چاہیے

عاشقان را زندگی بے وصلِ یار دردِ سر باشد نمی آید بکار

عاشقوں کی زندگی محبوب کے وصل کے بغیر صرف دردِ سر ہے اور فضول ہے

عاشقان شاد دارد ذکرِ دوست عاشقان را ذکر کردن بس نکوست

عاشقوں کو محبوب کا ذکر خوش وخرم رکھتا ہے عاشقوں کو محبوب کا ذکر کرنا اچھا لگتا ہے

عاشقان در بند غمها شاکر اند بر جمالِ حق تعالیٰ ناظر اند

عاشق غموں کی قید میں شکر گزار رہتے ہیں اللہ پاک کے جمال پر نظر ٹکائے رہتے ہیں

مست مدهوش از جمالش گشته اند بنیرنگِ کمالش بسته اند

اس کے جمال سے مست و مدہوش ہو گئے ہیں اس کے عجائب کے کمالات میں دل بندھے ہوئے ہیں

جامِ مئے بر دست از عشق کسے اوفتاده اند بے خود در رهے

عشقِ الٰہی کے جام ہاتھ پر رکھے ہوئے ہیں اور راہِ عشق میں بے خود پڑے ہوئے ہیں

خاک بر رو دست بر سر می روند پائے کویان چون قلندر می روند
مٹی چہرے پر مل کر اور ہاتھ سر پر رکھ کر کوچہ محبوب میں قلندروں کی طرح چلتے ہیں

نے زِ حالِ خویش واقف نے زِ غیر محو مستی ھائے معشوقانِ دیر
نہ اپنے حال سے باخبر ہیں اور نہ ہی غیر کے حال سے دَیر کے معشوقوں کی مستیوں کی محویت اس طرح سے ہے

بت پرستی چون برھمن می کند نذر گنگا جل زخونِ دل پرند
برہمنوں کی طرح بت پرستی کرتے ہیں دل کے خون کے رنگیلیاں گنگا کے سپرد کرتے ہیں

شکرِ للہ غم پرستم غم پرست کیف عشق یار دارد مست مست
اللہ پاک کا شکر ہے کہ میں غم پرست ہوں غم پرست ہوں اس طرح جیسے کہ عاشق محبوب کی یاد میں مست مست رہتا ہے

عالَمِ جبروت شد غم خانہ ام در پرستش از سر جان می روم
عالمِ جبروت میرا گھر ہر درد غم ہوا اس کی پوجا میں حدِ جان سے بھی گزر گیا

دل زمن گم گشت در کوئے نگار میدوم بیتاب و گریان بیقرار
محبوب کے کوچہ میں میرا دل مجھ سے گم گیا میں روتے ہوئے اور بے قراری کیساتھ جارہا ہوں

دوستان! اے دوستان! اے دوستان! آوریدم از دلِ مسکین نشان
اے دوستو! اے دوستو! اے دوستو! میں مسکین دل سے نشان لارہا ہوں

دلی ھمی جوئیم کہ او ھمدرد بود از ازل آزال رہِ آور دبود
میرا دل بھی یہی چاہتا ہے کہ وہ ہمدرد ہو ازل الآزال سے وہ راہ میں آیا ہوا ہو

آتشِ سوزان بجانم در گرفت شعلہء جوالہ بحر و بر گرفت
جلانے والی آگ نے مجھے گرفت میں لے لیا تباہی والے شعلہ نے خشکی و تری گرفت میں لے لی

از سینه مستی نوائے می زنم ایسمان بر عرشِ اعظم افگنم
دل سے محبوب کے گن گا رہا ہوں عرشِ اعظم کے چھت پر ڈیرہ لگائے ہوئے ہوں

خون همی ریزم زِ چشمِ خویشتن هیچ نکشاید چنینم زیستن
میں اپنی آنکھوں سے خون بہار رہا ہوں میں ایسے رہ رہا ہوں مجھے کوئی بھی نہیں کھول سکتا

دردِ عشقش مرهمِ زخمِ منست نشترے بے تا دل زارم نخست
اس کے عشق کا درد میرے زخم کا مرہم ہے سب سے پہلے میں اپنے زخم کا علاج کرتا ہوں

جانِ من امروز دیوانه شدم از حواسِ خویشتن بیگانه شدم
اے میری جان! میں آج میں تیتا دیوانہ ہو گیا ہوں اپنے ہوش و حواس سے بھی بیگانہ ہو گیا ہوں

نغمهٔ عشقِ مجازی می زنم از مجازی در حقیقی میروم
میں عشقِ مجازی کا نغمہ گا رہا ہوں مجازی سے حقیقی کی طرف رواں دواں ہوں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سوالے از عارفیکہ بہ ہوا معلق بود
ایک عارفِ حق سے سوال جو کہ ہوا میں معلق تھا

روزے از ایامِ غیبت بر ھوا از سبک روحی شدم بازو کشا
ایک دن ایامِ غیبت سے میری روح نے ہوا میں پرواز کی

در تفرجمی چمیدم ھر طرف دفعتاً دیدم یکے مردے شرف
میں سیر و تفریح میں خراماخراما چہل قدمی کر رہا تھا کہ اچانک میری ایک صاحب شرف پر وقار آدمی پر نظر پڑی

سر بہ پیش اندر معلق بہ ھوا مخزنِ غم منبعِ آہ و بکا
ہوا میں آگے کی طرف سر جھکایا ہوا ہے آہ و بکا اور غم کا مخزن و منبع ہے

از تعجب نہ نزد او بشتافتم جامعِ انوارِ ایزد یافتم
میں تعجب کی وجہ سے اس کے نزدیک دوڑا تو اسے اللہ پاک کے انوار کا جامع پایا

گفتمش کے مظہرِ انوارِ الٰہ باشدت بر فرقِ اقیانم نگاہ
میں نے اسے کہا کہ اے انوارِ الٰہیہ کے مظہر! اپنے کرم سے مجھے کچھ وقت عنائیت فرمائیے

از تو میدارم سوالے دلپذیر حل این مشکل نماؤ شو طھیر
میں آپ سے ایک دلچسپ سوال کرنا چاہتا ہوں میری یہ مشکل حل فرمائیں اور کشمکش کے خیال سے پاک کریں

عارفان چون خویش را کامل کنند در کمالِ ذاتِ حق واصل شوند
عارفین جب خود کامل کرتے ہیں اللہ پاک کی ذاتِ کمال میں واصل ہو جاتے ہیں

زیرِ لب خندید و گفت اے نوجوان! هست این رازیکه نائد بر زبان
ہلکا سا مسکرائے اور فرمایا کہ اے نوجوان! یہ وہ راز ہے جو زبان پر نہیں آسکتا

اے پسر! دارائے عزت اعتبار می نماید از تغیر صد بهار
اے بیٹے! سو بار بہار کی تبدیلیوں کے بعد یقینی عزت کی حکومت کا اصلی روپ ظاہر ہوتا ہے

شوق میداری که باشد باخبر آیدت لوح سرائر در نظر
کیا تو شوق رکھتا ہے کہ تو اس سے باخبر ہو جائے رازوں کی تختی تیری نظروں کے سامنے ہو جائے

قوتِ روحی بدل سریان نما چنگ زن بر ذوقِ اربابِ صفا
روح کی قوت دل کی قوت کیساتھ ملا دے صوفیاء کے سامنے چنگ (ایک ساز کا نام) بجا

شهپرِ غم بر دلت محکم به بند عزمِ جازم ده بجانِ مستمند
تیرا دل محکم طور پر غموں کی قید میں ہو جائے گا تیرا ارادہ غمگین جان لینے کا ارادہ ہو

حبس دم کن در لیالی و نهار باش در حفظِ نفس پا استوار
شب و روز حبسِ دم کر (ذکر کا ایک طریقہ جس میں کان، منہ، ناک اور آنکھ بند کر کے کیا جاتا ہے) پھر اپنے نفس کی ہمیشہ نگہداشت کر

شیشه هستی شکن بر سنگِ راز روح را در دل فگن برقِ نیاز
اپنے وجود کو راز کے پتھر پر توڑ ڈال روح کو نیاز مندی کی بجلی کیساتھ دال میں ڈال

در شبستانِ محبت راه کن ماه خواهی ماه را در ماه کن
محبت کی راتوں میں راہ تلاش کر چاندنی میں رہ کر چاندنی کو تلاش کر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مقابلہ عشق با عقل
عشق کا عقل کیساتھ مقابلہ

عقل می گوید که عشقت ابتریست عشق می خندد که این از سر سریست
عقل کہتی ہے کہ تیرا عشق ابتر ہے عشق ہنستا ہے کہ یہ کمینی ہے

عقل می گوید زِ خود اندیشه کن عشق می گوید که مستی پیشه کن
عقل کہتی ہے کہ اپنی حفاظت کر عشق کہتا ہے کہ اپنا پیشہ مستی بنا

عقل هستی را حفاظت می کند عشق می گوید که این ذلت می دهد
عقل وجود کی حفاظت کرتی ہے عشق کہتا ہے کہ وجود ذلیل کرتا ہے

عقل می گوید گران جانی مکن عشق می سوزد که نادانی مکن
عقل کہتی ہے کہ جان پر سختی نہ ڈال عشق جلتا ہے کہ نادانی نہ کر

عقل می گوید که خود را از نیش کن عشق می گوید که خود را پیش کن
عقل کہتی ہے خود کو بچا کے رکھ عشق کہتا ہے کہ خود کو پیش کر

عقل می گوید که بگزر از هوا عشق می گوید که ترکِ خودنما
عقل کہتی ہے خواہش کو چھوڑ دے عشق کہتا ہے کہ خود نمائی ترک کر دے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حکایت

کسی دوریش کا ایک قصہ

بود شخصے در زمانِ پاستان از گروہِ نیک نام تاجران
گزرے ہوئے وقت میں تاجروں میں سے ایک نیک شخص تھا

در سفر بہرِ تجارت رفتہ بود بر کنارِ بحرِ قلزم شد ودود
ایک سفر میں وہ تجارت کی خاطر نکلا بحرِ قُلزم کے کنارے پر آیا

دید صیادے بساحل صبحگاہ دام افگندہ باموا جِ میاہ
صبح صبح ساحل کے کنارے ایک مچھیرے کو دیکھا اس نے اپنا جال پانی کی موجوں میں بچھایا ہوا تھا

ماہیان را آوردو در دامِ خود دخترک را از طرب در مید ھد
مچھلیوں کو قید کرنے کیلئے اس نے ایک تھیلا اپنی چھوٹی سی بیٹی کو دی ہوئی تھی

دخترک می گیرد از دستِ پدر افگند بازش بدریا سر بسر
وہ لڑکی اپنے باپ کے ہاتھ سے مچھلیاں پکڑ کر دوبارہ دریا میں ڈال رہی تھی

از تعجب رفت پیشِ دخترک گفت اے خورشید تابانِ فلک!
تعجب کی وجہ سے اس لڑکی کے سامنے گیا اور بولا کہ اے آسمان کی چمکتی دمکتی چاند!

در شگفتم من ازین کار شگفت شعلۂ حیرت بدانما گرفت
تیرے اس عجیب کام نے مجھے حیرت میں ڈال دیا میری حیرت کا شعلہ بھڑک اٹھا
میستانی ماھی از دستِ پدر افگنی در بحر پس اورا بتر
تو اپنے باپ سے مچھلیاں پکڑتی ہو پھر انہیں اسی وقت دریا میں ڈال دیتی ہو

محنتش برباد میازی چرا ظلم بر آب کے روا باشد ترا
تواس کی محنت کو کیوں تباہ کر رہی ہے؟ تیرا ظلم تیرے باپ کیسے جائز ہو سکتا ہے؟

گفت خامش اے حریفِ راہِ راز توچہ دانی مسلکِ اهلِ نیاز
اس نے کہا کہ خاموش رہ اے راز کے دشمن! تو نیاز مندوں کا مسلک نہیں جانتا

کارها داریم می ناید بعقل کے توان دانی تو آنها را بنقل
ہم وہ کام کرتے ہیں جو عقل قبول نہیں کرتی تو نقل کیساتھ کیسے انہیں جان سکتا ہے؟

چون گرفتم ماهیان را در دستِ خویش صوتِ غیبی آمد و عقلم پریش
جب مچھلیوں کو میں اپنے ہاتھ میں پکڑا غیب سے آواز آئی اور میری عقل بے خود ہو گئی

کین همه ماهی بشوقِ ناروا غفلتے ورزیده اند از ذکرِ ما
ان مچھلیوں کا ناجائز شوق ہماری یاد سے غافل کر دے گا

هر که از تذکیرِ ما غافل شود دام صیادے گرفتارش کند
جو بھی ہماری یاد سے غافل ہوتا ہے اس شکاری کا جال قید میں لے لیتا ہے

در حضیضِ نامرادی افگنم عضوها از مقرعه خود بشکنم
میں نے مچھلیاں نامرادی کے گڑھے میں ڈال دیں میں نے چھری سے اپنے جسم کے کئی حصہ کاٹ ڈالے

چون بگوشم خورد آوازِ حبیب از غضب مملو واز هیبتِ قریب
جب میں غضب و ہیبت سے بھری آواز محبوب کی سنی
سخت ترسیدم زِ قوتِ لا یموت فهمِ معنیٰ زد بدل مهرِ سکوت
میں دائمی زندگی کی خوراک سے ڈر گئی حقیقت جان کر دل پر خاموشی کی مہر لگادی

کین از مبادا از اثرہائے بطون غفلتے آرند بر روحم فزون

کہیں ایسانہ ہو جائے کہ پیٹوں کی ان مزیداریوں کی وجہ سے میری روح غافل نہ ہو جائے

ہر کہ غافل باشد از یادِ خدا پس نمی زیبد غذائش جسم را

جو بھی اللہ پاک کی یاد سے غافل ہو ااس کو جسم کیلئے خوراک کھانا اچھا نہیں

ہر کہ خود غافل بود غافل کند بارِ نسیانِ نخل دولت آورد

جو خود غافل ہو تا ہے دوسروں کو بھی غافل کرتا ہے وہ ہمیشہ کی بربادی کا سامان اٹھاتا ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حکایت

ایک درویش کا واقعہ

قدوئہ ارباب دانش پیرِ ما بود اندر خانقہ جلوہ نما

ہمارے شیخ داشمندوں کے پیشوا اپنی خانقاہ میں جلوہ فرماتھے

از مریدان داشت نہجِ عشق جوش نالہ اندر سینہ ھا میزد خروش

مریدوں میں سے ایک وہ جس کو عشقِ فروزاں کا کچھ حصہ مل چکا تھا اس کے سینے میں آہ وفغاں اور شور کے غلغلے مچے ہوئے تھے

روح سر مستِ ایاغ کام بود دل بذوق مہر خون آشام بود

اس کی روح سر مستی کے پیالے میں مکمل شرابور تھی کرم نوازیوں کے ذوق میں دل خونِ قوتِ لایموت بنا ہوا تھا

چشمھئِ کوثر چکید از حرفھا ساخت مملو باتکلم ظرفھا

حوضِ کوثر کے چشمے کو اس نے کئی جانبوں سے گھیرا ہوا تھا اس نے کلام کی تاثیر سے کئی برتن بھرے ہوئے تھے

گفت شیخے بود بحر معرفت در کمالات اتم شبلی صفت

معرفت کے سمندر ایک ایسے شیخ نے کہا جو کہ کمالات میں شیخ شبلی کی صفت والا تھا

کرد آھنگِ سفر سوئے حجاز بامریدانِ صفا پرور دراز

اس نے اچانک حجازِ مقدس کی طرف سفر فرمایا راز کو پروان چڑھانے والے مریدوں کیساتھ

کاروان با کاروان میرفت زدد اتفاقاً شد بجائے خود رود

قافے قافلوں کیساتھ جارہے تھے اتفاقاً اپنے بجائے اور آگیا

سبزہ زارِ فرح افزا میچمید نزھتِ فردوس پیشش خطِ کشید

اس بستی کے معزز و کمینے لوگ اکٹھے ہوئے اور شیخ کے سامنے آ کھڑے ہوئے

دفعتاً دیدند و گفتند آہ آہ ھست این خوكِ لعین رویش سیاہ

انہوں نے اچانک دیکھا اور بولے افسوس! افسوس! یہ شیخ لعین سیاہ رو اور خنزیر ہے

خوك را چون شیخ راھی گفتہ اند یاالھی این چہ داھی گفتہ اند

جب انہوں نے شیخ کو خنزیر کہا میں نے کہا اے میرے اللہ پاک! انہوں نے کیا کہہ دیا

العجب! از مرمانِ نکتہ بین خوك را گویند مردِ راہِ دین

ہائے تعجب! ان لوگوں کی نکتہ چینیوں پر کہ بھلا کبھی خنزیر بھی راہِ دین کے مرد ہوئے ہیں

طینتش گردید اعمیٰ وضریر یاتفاوت نیست درزفت دردیر

اس کی مٹی پیدائشی اندھی ہے اور پر نقصان ہے اور اسے شیخ اور دوسرے آدمی کی تمیز نہیں ہے

ھم چنین گفتند باھم مردمان بعد ازین رفتند بر سمتِ مکان

ان لوگوں نے اس طرح کی باتیں اپنے گھروں کی طرف جاتے ہوئے کیں

قافلہ برخواست وراہ خود گرفت شیخ ھم رخت اقامت وزنوشت

قافلہ اٹھ کھڑا ہوا اور اپنی راہ لی شیخ بھی کھڑے ہوئے اور چل پڑے

چون صبا سر گرم قطع بحر وبر دامنِ ھمت زدہ اندر کمر

جب خشکی وتری کے ایک حصے کی گرم نے چلنے کی ہمت کی کمر ڑالی

ناگھان بربابِ شھر خوش سواد کاروان ھارا گزارے اوفتاد

شہر کے دروازت پر تمام قافلے والے ڈیرہ جما کر محوِ نیند ہو گئے

از تکالیفِ سفر خستہ بدند ساعتے رحلِ قیام انداختند

سفر کی تکالیف کی وجہ سے وہ خستہ حال ہو چکے تھے کچھ دیر کیلئے انہوں نے آرام کیلئے بستر لگا دیئے

شهریان در شوق دید کاروان آمدند افتان وخیزان وتپان

شہری اس قافلہ کو دیکھنے کیلئے آہستہ آہستہ چلے آئے

کاروان دیدند و گشتند شاد شاد اندرین اثنا نگہ بیرون فتاد

وہ قافلہ دیکھ کر بہت خوش ہوئے اسی اثناء میں ان کی نظر اچانک باہر پڑی

در نظر آمد یکے شیخ شگرف پیر ئسش موھائے سر بنمود برف

انہیں ایک نادر شخصیت نظر آئی جن کے سر کے بال سفید تھے

می چکاند صورتش انوارِ یاد میدماند سینہ اشراق الفواد

یاد الٰہی سے ان کا چہرہ چمک رہا تھا دلوں کو روشن کرنے والے انوار ان کے سینے سے نکل رہے تھے

نورِ عرفان مستنیر از شمعِ ذات عارضش روشن چو روحانی مرات

فیض دینے والا معرفت کا نور اور ذاتِ الٰہیہ کی شمع ان کے سامنے روحانی آئینہ کی طرح چمک رہی تھی

مردم از نظارئہ شیخ فحول اوفتادہ بر زمین عاجز ذلول

شیخ کامل کی دیدار کی مستی میں تمام لوگ زمین پر اس کے سامنے سرنگوں ہوگئے

سجدہا کردند مالیدند رو از نہادِ دل بر آوردند ھُو

انہوں نے سجدے کیے اور اپنے چہروں پر خاک ملی اور دل کے نہاں خانے سے ھو کی آوازیں بلند کیں

قولِ ایشان ما فدائے روئے تو کعبہ را بینیم در ابروئے تو

وہ بولے کہ ہم آپ کے چہرئہ انور پر قربان ہیں ہم کعبہ شریف کو آپ کے ابرو میں دیکھ رہے ہیں

کعبۃ اللہ ھستی و کعبہ روی باش انیجا تا زیارت گہ شوی

کعبۃ اللہ اور سمتِ قبلہ آپ ہی ہو آپ اس جگہ رک جایئے کہ یہ زیارت گاہ بن جائے

ما همه بادی و حاضر بنده ایم سر بزیرِ پائے تو افگنده ایم
ہم سب غائب و موجود آپ کے غلام ہیں آپ کے پائے ناز اپنے سروں پر رکھے ہوئے ہیں

مسئلت بشنید شیخِ مستفاد شد چنین خامش جوابِ شان نداد
شیخِ کامل نے ان کی باتیں سنی اور خاموش ہو گئے کوئی بھی جواب نہ دیا

شیخ را بوده مرید المعی در تفحص موشگاف ولوزعی
شیخِ کامل کا ایک زیرک مرید گہری سوچ و بچار میں تھا

گفت کے سر خیل تنزیہی صفات منکشف کن واردات پر نکات
اس نے عرض کیا کہ اے صفاتِ تنزیہہ کے سر خیل پیچیدگیوں سے بھری ہوئی نہ سمجھ آنے والی بات سے پردہ اٹھائیں

دست پا چه مانده زین مو بمو خوك و کعبه گفتنت بهر چه گو
ان سامنے آنی والے واقعات سے میں ہاتھ پائوں مار رہا ہوں کہ بعض نے آپ کو خنزیر کہا اور بعض نے آپ کو کعبہ کہا اس میں کیا راز ہے؟

نیست نسبتِ خوك را از آدمی کعبه هم دارد تفاوت منجلی
آدمی کو خنزیر سے کچھ نسبت نہیں اور بلا شبہ آدمی کو کعبہ شریف والی بات بھی قابلِ توجہ ہے

زیرِ لب خندید شیخ منتجم گفت میدان از صفا آئینه ام
شیخِ کامل ہلکا سا مسکرائے اور فرمایا کہ میں میدانِ صفا کا آئینہ ہوں

هر که بیند روئے من آید نظر صورت او در مراتم
جو کوئی مجھے دیکھتا ہے اسے ہو بہو اپنی حقیقت نظر آتی ہے

مومن حقم منجل گشته ام از خلابِ آب و گل وارسته ام

میں کوٹ کوٹ کر ایمان سے بھرا ہوا ہوں پانی اور مٹی کے دھوکے سے جان چھڑائے ہوئے ہوں

مومنے کعبہ بہ بیند بالیقین کافرے بیند مرا خوک لعین

بے شک مومن نے مجھے کعبہ مکرمہ دیکھا اور کافر نے مجھے لعین خنزیر دیکھا

ہر کے گردد بسوئے اصل وصل ہر چہ بیند صورتش آید باصل

جو کوئی اپنی اصلیت کی طرف جاتا ہے اسے وہ مل جاتی ہے وہ آئینہ میں جو کچھ دیکھتا ہے اسے وہی کچھ نظر آجاتا ہے

از پلید یہا شود خو کی نژاد زیر کی ورزد وزد باد مراد

خوک کی اصل بیشمار پلید گیاں ہیں عقلمندی یہ ہے بندہ اپنی مراد پالے

محو می باشد اگر در یادِ حق بشنود از گوش خود ارشاد حق

اگر کوئی یادِ الٰہی میں مشغول ہو جاتا ہے تو وہ اپنے کانوں سے آوازِ حق سنتا ہے

بگزرد گر از خدا روح ابد ماھیت را قالب خو کی دھد

ایسی روح سے ہمیشہ کنارہ کشی اختیار کر جسے خنزیری قالب ملا ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ وسلم

ختم شد مثنوی اسرارِ عشق مصنفہ خاکسار سید ظفر حسن عبرت رضوی بتاریخ دوم مارچ 1951ء تصنیف کردہ 1912ء

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خاتم النبیین وآلہ الطیبین الطاھرین یہ کتابچہ اپنے ترجمہ کے اختتام کو پہنچا میرا پاک

پروردگار اسے ہر ایک ایک کیلئے مفید ومستفید فرمائے آمین ثم آمین

مترجم

محافظ سگ درگاہِ اہلبیتِ اطہار

عبدالمصطفیٰ محمد اسد بلال قادری عفی عنہ

تاریخ اختتامِ ترجمہ: 6 جولائی 2019ء بمطابق 2 ذی قعد شریف 1440ھ بروز شنبہ

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد وآلہ وسلم